خلاصہ خطبہ جمعہ 10 مئی 2024ء بیان فرمودہ حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے بعض سرایہ کا ذکر کیا، جس میں پہلے قبیلہ بنو اسد کی شرارت اور سریہ ابو سلمہ کا ذکر کیا، سریہ اس کو کہتے ہیں جس میں آپ ﷺ خود شریک نہ ہوتے تھے لیکن دوسرے مسلمانوں کو بھیجتے تھے، ان سرایہ میں بھی آپ ﷺ کی سیرت پر روشنی پڑتی ہے۔ آپ ﷺ کے پھوپھی زاد بھائی حضرت عبد اللہ جنکی کنیت ابو سلمہ تھی نے اس سریہ کی سربراہی کی، جنگ احد کے دوماہ بعد بنو اسد کے رئیس طلیحہ بن خویرد نے اپنی قوم کو مسلمانوں کے خلاف جنگ کیلئے اکٹھا کیا، اسکے قبیلہ سے قیس نامی شخص نے اپنی قوم کو سمجھانے کی کوشش کی لیکن وہ نہ مانے، رسول اللہ ﷺ کو جب ان کے لشکر کا علم ہوا تو حضرت ابو سلمہ کی سربراہی میں ۱۵۰ اصحاب پر مشتمل لشکر آپ ﷺ نے بنو اسد کی طرف روانہ کیا۔ بنو اسد کو جب مسلمانوں کے لشکر کا علم ہوا تو وہ انکے اچانک پہنچ جانے کی وجہ سے گھبرا کر بھاگ گئے۔

حضرت ابو سلمہ کو جنگ احد میں زخم لگے تھے، اس سریہ سے واپس آکر ان کا زخم تازہ ہو گیا تو اُسی سال ان کی وفات ہو گئی۔ ۹ ہجری میں طلیحہ نے اسلام قبول کیا، بعد میں پھر آپ ﷺ کی زندگی میں ہی مرتد ہو کر جھوٹا مدعی نبوت ہو گیا، پھر شکست کھا کر بھاگ گیا۔ بعد میں حضرت عمر کے زمانہ میں پھر سے اسلام قبول کیا اور اسلامی جنگوں میں شامل ہو کر اپنی بہادری کے جوہر دکھائے، ۲۱ ہجری میں ایک جنگ میں شہید ہو گیا۔

سفیان بن خالد نے بھی مسلمانوں کے خلاف ایک باغیانہ لشکر تیار کیا، آپ ﷺ نے حکمت سے اپنے صحابی حضرت عبد اللہ بن اُنیس کو اکیلے سفیان کو ختم کرنے کیلئے بھیجا، وہ حکمت سے اس کے ساتھ شامل ہوئے اور اس کے خیمہ میں داخل ہو کر اس کو قتل کر دیا۔ آپ ﷺ نے حضرت عبد اللہ کو اپنا اعصاء بطور انعام دیا جو تدفین کے وقت ان کے ساتھ دفن کیا گیا۔ بنولیان کے خلاف فوجی دستہ بھیج کر خون بہانے سے بچنے کیلئے آپ ﷺ نے حکمت کیساتھ اس فتنہ کے بانی کو قتل کرنے کا کہا، جس سے فتنہ ختم ہو گیا، اور جنگ کی ضرورت باقی نہ رہی۔

پھر سریہ رجیع جسے سریہ مرثد بن مرثد بھی کہا جاتا ہے۔ یہ سریہ ۳ ہجری شوال کے آخری دنوں میں ہوا۔ سفیان بن خالد کے قتل کے بعد یہ قبیلہ مسلمانوں کے خلاف بھڑک اُٹھا، قبیلہ بنو لحیان کے کہنے پر اس قبیلہ کا ایک وفد آپ ﷺ کے پاس آیا اور اسلام کے مدرسین طلب کئے، آپ ﷺ نے ان کے ساتھ ۱۰ اصحاب کو بھیجا جو انہیں اسلام کی تعلیم دیں، انہوں نے سفیان بن خالد کا بدلہ لینے کی غرض سے یہ مطالبہ کیا تھا۔ بقیہ آئندہ بیان ہو گا۔ انشاء اللہ

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا یمن کے امیر ان کے لئے دعا کریں، وہاں ان کی صدر لجنہ بھی اسیر ہے اور انہیں بڑے سخت حالات میں رکھا ہوا ہے، پاکستان کے اسیر ان کیلئے بھی دعا کریں۔ فلسطین کے لوگوں کیلئے بھی دعا کریں جن پر ڈھٹائی سے ظلم جاری ہے اللہ تعالیٰ انہیں ظالموں سے بچائے۔ آمین

خطبہ ثانیہ

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ نَحْمَدُہٗ وَنَسْتَعِیْنُہٗ وَنَسْتَغْفِرُہٗ وَنُؤْمِنُ بِہٖ وَنَتَوَکَّلُ عَلَیْہِ وَنَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنْ شُرُوْرِ اَنْفُسِنَا وَمِنْ سَیِّئَاتِ اَعْمَالِنَا مَن یَّھْدِہِ اللّٰہُ فَلاَ مُضِلَّ لَہٗ وَمَنْ یُّضْلِلْہُ فَلاَ ھَادِیَ لَہٗ ۞وَاَشْھَدُ أَنْ لَّآ اِلٰہَ اِلاَّ اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ ۞ وَاَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُہٗ وَرَسُوْلُہٗ۞عِبَادَاللّٰہِ رَحِمَکُمُ اللّٰہُ۞اِنَّ اللّٰہَ یَأْمُرُ بِالْعَدْلِ وَالْاِحْسَانِ وَاِیْتَآءِ ذِی الْقُرْبٰی وَیَنْھٰی عَنِ الْفَحْشَآءِ وَالْمُنْکَرِ وَالْبَغْيِ یَعِظُکُمْ لَعَلَّکُمْ تَذَکَّرُوْنَ ۞ اذْکُرُوا اللّٰہَ یَذْکُرْکُمْ وَادْعُوْہُ یَسْتَجِبْ لَکُمْ وَلَذِکْرُ اللّٰہِ اَکْبَرُ ۞

Bait-us-Salam: Brusselstraat 445, 1700 Sint-Ulriks-Kapelle
Tel: 0032 (2) 466 68 56 Fax: 0032 (2) 466 43 89